## سوال

جادو کا کیسے علم ہو گا، اور اس کا علاج کیا ہے ؟

## جواب

*السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ*

اگر ہمیں شبہ ہو کہ ہم پر کسی نے جادو کروایا ہوا ہے تو ہمیں کیسے پتا چلے گا کہ کس نے کروایا ہے۔ ؟ اور پھر اس کا توڑ کیسے ہو گا۔ ؟ کیونکہ ہمارے لیے تو جبرائیل آئیں گے نہیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

*وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!*
*الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!*

جادو ہونے کا علم تو علامات اور تکلیف سے ہو جاتا ہے، جو عامل حضرات اپنے تجربے سے بتا دیتے ہیں۔ لیکن یہ معلوم ہونا کہ یہ جادو کس نے کیا ہے، اس کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ اور اگر کوئی عامل ایسا بتاتا ہے تو وہ بھی عموما اپنے جنوں کے ذریعے معلوم کرتے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ جن اکثر جھوٹ بولتے ہیں اور انسانوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ غیب کا علم ان کے پاس بھی نہیں ہے۔

باقی رہا اس کا علاج تو وہ آپ ذکر واذکار، نماز کے بعد کی دعاؤں اور قرآن مجید کی چند مخصوص آیات پڑھ کر کر سکتے ہیں۔ اس موضوع پر مستقل کتب لکھی جا چکی ہیں، جن میں سے ایک دو کتب ہماری سائٹ پر دستیاب ہیں۔ مطالعہ کے لئے درج لنک پر کلک کریں۔

*ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب*

**فتوی کمیٹی**

**محدث فتوی**